امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ | منظوم ترجمہ: حکیم سرو سہارن پوریؒ

# ہمارے سیّد و مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

| | |
|---|---|
| أَلصُّبْحُ بَدَا مِنْ طَلْعَتِهٖ | سحر طاری ہوئی ہے آپ کے ماتھے کی طلعت سے |
| وَالَّيْلُ دَجٰى مِنْ وَفْرَتِهٖ | یہ رونق رات نے پائی ہے زلفوں کی عنایت ہے |
| فَاقَ الرُّسُلَا فَضْلًا وَّ عُلَا | بزرگی میں وہ سبقت لے گئے سارے رسولوں پر |
| اَهْدَى السُّبُلَا لِدَلَالَتِهٖ | کہ رستے دین کے روشن ہوئے ان کے ہدایت سے |
| كَنْزُ الْكَرَمِ مَوْلَى النِّعَمِ | خزانے بخششوں کے رحمتوں کے مِلک ہیں اُن کی |
| هَادِي الْاُمَمِ لِشَرِيْعَتِهٖ | ہدایت یاب ساری اُمّتیں اُن کی شریعت سے |
| اَزْكَى النَّسَبِ اَعْلَى الْحَسَبِ | نسب اُن کا حسب اُن کا بہت ارفع، بہت اعلیٰ |
| كُلُّ الْعَرَبِ فِيْ خِدْمَتِهٖ | شرف پایا ہے سارے عالموں نے اُن کی خدمت سے |
| سَعَتِ الشَّجَرُ نَطَقَ الْحَجَرُ | شجر خدمت میں آئے، پتھروں نے بات کی اُن سے |
| شَقَّ الْقَمَرُ بِاِشَارَتِهٖ | قمر شق ہو گیا اُن کی انگشتِ شہادت سے |
| جِبْرِيْلُ اَتٰى لَيْلَةَ اَسْرٰى | شبِ معراج ان کے پاس جبریلِ امیں آئے |
| وَالرَّبُّ دَعٰى لِحَضْرَتِهٖ | بلایا رب نے اُن کو عرش پر اپنی عنایت سے |
| نَالَ الشَّرَفَا وَاللّٰهُ عَفَا | اُنھی کے واسطے سے سب شرف پائے ہیں لوگوں نے |
| عَنْ مَّا سَلَفَا مِنْ اُمَّتِهٖ | گناہ سب دور فرمائے ہیں رب نے اُن کی اُمّت کے |
| فَمُحَمَّدُنَا هُوَ سَيِّدُنَا | ہمارے سیّد و مولا ﷺ محمد ﷺ ہیں محمد ﷺ ہیں |
| فَالْعِزُّ لَنَا لِاِجَابَتِهٖ | کہ عزت ہے ہمارے واسطے اُن کی اطاعت سے |